Urdu

سوال 1: کون رجسٹر ہو سکتا ہے؟

سوال 2: مجھے کیوں رجسٹر ہونا چاہیئے؟

سوال 3: میں بطور انتخاب کنندہ کیسے رجسٹر ہو سکتا/سکتی ہوں؟

سوال 4: اگر میں ایک رجسٹر شدہ انتخاب کنندہ ہوں، تو میں اپنی رجسٹریشن کی تفصیلات میں تبدیلی کو کیسے رپورٹ کر سکتا/سکتی ہوں، جیسے رجسٹر شدہ پتہ، نام، ای میل ایڈریس اور رابطے کا فون نمبر؟

سوال 5: کیا نئے ووٹر کی رجسٹریشن اور رجسٹریشن کی تفصیلات میں تبدیلی کے لیے کوئی آخری تاریخیں ہیں؟

سوال 6: کیا میں نئے ووٹر کی رجسٹریشن کی درخواست جمع کروانے کے بعد فوری طور پر ووٹ ڈالنے کا/کی اہل ہوں؟ / کیا میں رجسٹر شدہ پتے میں تبدیلی کی اطلاع دینے کے بعد فوری طور پر نئے انتخابی حلقے میں اور نئے پولنگ اسٹیشن پر ووٹ ڈالنے کا/کی اہل ہوں؟

سوال 7: جغرافیائی انتخابی حلقے کے ووٹر رجسٹریشن فارمز آر ای او-1 (REO-1)اور آر ای او-2 (REO-2) میں کیا فرق ہے؟ مجھے کون سا فارم استعمال کرنا چاہیئے؟

سوال 8: کئی سال پہلے میں ایک درخواست کا فارم پُر کر چکا/چکی ہوں۔ کیا مجھے دوبارہ رجسٹر ہونا پڑے گا؟

سوال 9: میں محض جولائی 2021 میں 18 سال کی عمر کا ہوں گا/گی لیکن رجسٹریشن کی آخری تاریخ 2 مئی 2021 ہے۔ کیا میں ابھی ایک انتخاب کنندہ کے طور پر رجسٹر ہو سکتا/سکتی ہوں؟

سوال 10: میں کچھ عرصے میں نئے فلیٹ میں منتقل ہوں گا/گی، کیا مجھے ابھی اپنے نئے گھر کے پتے کی رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس کو اطلاع کرنی چاہیئے؟

سوال 11: پتے کے ثبوتوں کے طور پر کس قسم کی دستاویزات قبول کی جاتی ہیں؟

سوال 12: اگر میں اپنے نام اور رہائشی پتے والی دستاویزات بطور ثبوت فراہم نہیں کر سکتا/سکتی، تو درست پتے کے ثبوت کے طور پر میں کون سی متبادل دستاویزات کو جمع کروا سکتا/سکتی ہوں؟

سوال 13: اگر میرا نیا گھر ایک فلیٹ ہے جو ہاؤسنگ ڈیپارٹمنٹ کے تحت بنی کرائے کی عوامی رہائش گاہ میں ہے یا ہانگ کانگ ہاؤسنگ سوسائٹی کے تحت سبسڈی یافتہ رہائش گاہ ہے، تو کیا پتے کی تبدیلی کے لیے درخواست دیتے وقت مجھے پتے کے ثبوت کے مطالبے سے چھوٹ مل سکتی ہے؟

سوال 14: اگر مجھے پتا چلے کہ کوئی ووٹر رجسٹریشن کے لیے غلط معلومات فراہم کرتا ہے، تو میں سرکاری محکموں کو کیسے مطلع کر سکتا/سکتی ہوں؟

سوال 15: اگر کوئی شخص ووٹر رجسٹریشن کے لیے رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس کو رہائش کا غلط پتہ فراہم کرتا/کرتی ہے، یا رجسٹر شدہ پتے کی تبدیلی کے لیے درخواست دیتے وقت پتے کے ثبوت کی جعلی دستاویز جمع کرا رہا/رہی ہے، اور اس کے بعد الیکشن میں ووٹ ڈال دیتا/دیتی ہے، تو وہ کس قانون کی خلاف ورزی کرے گا/گی؟

سوال 16: میں حال ہی میں مین لینڈ سے آیا/آئی ہوں۔ کیا میں بطور انتخاب کنندہ رجسٹر ہو سکتا/سکتی ہوں؟

سوال 17: مجھے کیسے پتا چلے گا کہ میرے ریکارڈز درست طور پر انتخاب کنندگان کے رجسٹر پر درج ہوئے ہیں؟

سوال 18:کیا میرے ذاتی ڈیٹا کے ممکنہ غلط استعمال سے بچاؤ کے لیے کوئی حفاظتی اقدامات زیر عمل ہیں؟

سوال 19: میں نے نئی ووٹر رجسٹریشن/رجسٹریشن کی تفصیلات میں تبدیلی کے لیے درخواست جمع کروا دی ہے۔ مجھے کیسے پتا چلے گا کہ رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس نے میری درخواست پر عمل درآمد کیا ہے؟

سوال 20: اگر ووٹر رجسٹریشن کے بارے میں میرے مزید سوالات ہوں تو مدد کے لیے مجھے کس شعبے تک رسائی کرنی چاہیئے؟

سوال 1: کون رجسٹر ہو سکتا ہے؟

جواب 1: اگر آپ 18 سال یا اس سے زائد عمر کے ہانگ کانگ کے مستقل رہائشی ہیں، اور بالعموم ہانگ کانگ میں رہائش پذیر ہیں، تو آپ جغرافیائی انتخابی حلقے کے انتخاب کنندہ کے طور پر اندراج کرنے کے اہل ہیں۔

واپس اوپر جائیں

سوال 2: مجھے رجسٹر کیوں ہونا چاہیئے؟

جواب 2: محض انتخاب کنندہ کے طور پر رجسٹر شدہ ہونے کے بعد ہی آپ قانون ساز کاؤنسل اور ضلعی کاؤنسل کے انتخابات میں اپنے ووٹ ڈالنے کے حق کو استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ آپ کا حق ہے کہ آپ اپنے نمائندے کو ان محکموں پر بٹھانے کے لیے منتخب کریں۔ اگر آپ انتخابی کمیٹی کے ذیلی سیکٹر کے انتخابات میں ووٹ دینے کے اہل ہیں، تو انتخابات میں ووٹ ڈالنے سے پہلے آپ کو ووٹر کے طور پر رجسٹر ہونے کی بھی ضرورت ہے۔

واپس اوپر جائیں

سوال 3: میں بطور انتخاب کنندہ کیسے رجسٹر ہو سکتا/سکتی ہوں؟

جواب 3: اگر آپ رجسٹر شدہ انتخاب کنندہ نہیں ہیں اور جغرافیائی انتخابی حلقے میں رجسٹر ہونا چاہتے ہیں، تو آپ کو لازمی طور پر "نئے ووٹر کی رجسٹریشن (جغرافیائی انتخابی حلقہ جات) کے لیے درخواست" (REO-1) کے درخواست فارم کو مکمل کرنا ہوتا ہے۔

- آپ "نئے ووٹر کی رجسٹریشن (جغرافیائی انتخابی حلقہ جات) کے لیے درخواست" (REO-1) کے فارم کو درج ذیل طریقوں سے حاصل کر سکتے ہیں۔
  - اس ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کر کے؛
  - 2891 1001 ہاٹ لائن پر کال کر کے فیکس کے ذریعے؛
  - ضلعی دفاتر، پبلک ہاؤسنگ اسٹیٹس کے انتظامی دفاتر اور رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس سے۔

رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس کے پتے:

10/F Harbour Centre

25 Harbour Road

Wan Chai

Urdu

Hong Kong

13/F Kowloonbay International Trade & Exhibition Centre

1 Trademart Drive

Kowloon Bay

Kowloon

درخواست فارم کو مکمل کرنے اور اس پر دستخط کرنے کے بعد، آپ فارم کو ڈاک، فیکس (فیکس نمبر:1180 2891) یا ای میل (ای میل ایڈریس: form@reo.gov.hk) کے ذریعے رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس میں جمع کروا سکتے ہیں، یا فارم (اور پتے کے ثبوت کو جہاں قابل اطلاق ہو) کو رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس کے آن لائن اپ لوڈ پلیٹ فارم (www.reo-form.gov.hk)پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کے پاس ہانگ کانگ پوسٹ (Hong Kong Post) یا ڈی جی سائن سرٹیفیکیشن سروسز لمیٹڈ (Digi-Sign Certification Services Limited) کا جاری کردہ جائز ڈیجیٹل سرٹیفیکیٹ ہے تو (براہ کرم تفصیلات کے لیے یہاں کلک کریں)، آپ آن لائن بذریعہ GovHK پر ووٹر رجسٹریشن درخواست بھی درخواست کو جمع کروا سکتے ہیں۔

اگر آپ الیکڑانک ذرائع کے ذریعے ووٹر رجسٹریشن درخواست فارم جمع کروانا چاہتے ہیں تو، براہ کرم " ڈیجیٹل فائلوں کے ذریعے ووٹر رجسٹریشن درخواست کو جمع کروانے کے لیے رہنمائی کے لیے نوٹس" نوٹ کر لیں (ہائپر لنک کے ساتھ

("https://www.reo.gov.hk/pdf/form/Guidance_Notes_for_Electronic_Submission(Eng).pdf ")

عملی انتخابی حلقے کے انتخاب کنندہ اور انتخابی کمیٹی کے ذیلی سیکٹر کے ووٹر کے طور پر رجسٹر ہونے کے لیے، براہ کرم یہاں کلک کریں۔

واپس اوپر جائیں

سوال 4: اگر میں ایک رجسٹر شدہ انتخاب کنندہ ہوں، تو میں اپنی رجسٹریشن کی تفصیلات جیسے رجسٹر شدہ پتہ، نام، ای میل ایڈریس اور رابطے کا فون نمبر میں تبدیلی کو کیسے رپورٹ کر سکتا/سکتی ہوں؟

جواب 4: اگر آپ ایک رجسٹر شدہ انتخاب کنندہ ہیں اور رجسٹریشن کی تفصیلات میں تبدیلی کی رپورٹ کرنا چاہتے ہیں، تو آپ کو لازمی طور پر "جغرافیائی انتخابی حلقے میں انتخاب کنندہ کی جانب سے تفصیلات کی تبدیلی پر رپورٹ" (REO-2) کے درخواست فارم کو مکمل کرنا ہوتا ہے۔

توجہ فرمائیں: متعلقہ قانونی تقاضوں کے مطابق، رجسٹر شدہ پتے کی تبدیلی کے لیے درخواستیں لازمی طور پر پتے کے ثبوت کے ساتھ منسلک کردہ ہونی چاہیئیں۔ پتے کے ثبوت کی قابلِ قبول اقسام کے لیے آپ جواب 11 سے جواب 13 تک رجوع کر سکتے ہیں۔

آپ "جغرافیائی انتخابی حلقے میں انتخاب کنندہ کی جانب سے تفصیلات کی تبدیلی پر رپورٹ" (REO-2) کو درج ذیل طریقوں سے حاصل کر سکتے ہیں۔

- اس ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کر کے؛
- 2891 1001 ہاٹ لائن پر کال کر کے فیکس کے ذریعے؛
- ضلعی دفاتر، پبلک ہاؤسنگ اسٹیٹس کے انتظامی دفاتر اور رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس سے۔

رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس کے پتے:

10/F Harbour Centre

25 Harbour Road

Wan Chai

Urdu

Hong Kong

13/F Kowloonbay International Trade & Exhibition Centre

1 Trademart Drive

Kowloon Bay

Kowloon

درخواست فارم مکمل کرنے اور دستخط کرنے کے بعد، بمعہ گزشتہ تین مہینوں کے دوران جاری کردہ پتے کے ثبوت (رہائشی پتے کی تبدیلی کے لیے لاگو کردہ)، آپ فارم کو بذریعہ ڈاک، فیکس (فیکس نمبر:1180 2891) یا ای میل (ای میل ایڈریس:form@reo.gov.hk) رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس میں جمع کروا سکتے ہیں یا فارم (اور پتے کے ثبوت کو جہاں قابل اطلاق ہو) کو رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس کے آن لائن اپ لوڈ پلیٹ فارم (www.reo-form.gov.hk) پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کے پاس ہانگ کانگ پوسٹ (Hong Kong Post) یا ڈی جی سائن سرٹیفیکیشن سروسز لمیٹیڈ (Digi-Sign Certification Services Limited) کا جاری کردہ جائز ڈیجیٹل سرٹیفیکیٹ ہے تو (براہ کرم تفصیلات کے لیے یہاں کلک کریں)، آپ آن لائن بذریعہ GovHK پر ووٹر رجسٹریشن درخواست بھی درخواست کو جمع کروا سکتے ہیں۔

اگر آپ الیکٹرانک ذرائع کے ذریعے ووٹر رجسٹریشن درخواست فارم جمع کروانا چاہتے ہیں تو، براہ کرم " ڈیجیٹل فائلوں کے ذریعے ووٹر رجسٹریشن درخواست کو جمع کروانے کے لیے رہنمائی کے لیے نوٹس" نوٹ کر لیں (ہائپر لنک کے ساتھ)

("https://www.reo.gov.hk/pdf/form/Guidance_Notes_for_Electronic_Submission(Eng).pdf")

مندرجہ بالا کے علاوہ، اگر آپ ایک رجسٹر شدہ انتخاب کنندہ ہیں اور امیدوار ان کی جانب سے انتخابی سرگرمیوں سے متعلق انتخابی میل کی وصولی کی سہولت کے لیے اپنا ای میل ایڈریس فراہم/اپ ڈیٹ کروانا چاہتے ہیں، تو آپ متعلقہ معلومات رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس کو ہماری ویب سائٹ (http://www.osp.reo.gov.hk/index_e.html) یا بذریعہ ای میل(ای میل ایڈریس: (reoenq@reo.gov.hk پر فراہم کر سکتے ہیں۔

واپس اوپر جائیں

سوال 5: کیا نئے ووٹر کی رجسٹریشن اور رجسٹریشن کی تفصیلات میں تبدیلی کے لیے کوئی آخری تاریخیں ہیں؟

جواب 5: اہل رہائشی افراد/رجسٹر شدہ انتخاب کنندگان نئے ووٹر کی رجسٹریشن/ رجسٹریشن کی تفصیلات میں تبدیلی پر رپورٹ سال میں کسی بھی وقت جمع کروا سکتے ہیں۔ البتہ، اگر وہ چاہتے ہیں کہ ان کی رجسٹریشن

پر عمل درآمد/ تفصیلات اسی سائیکل میں شائع ہونے والے انتخاب کنندگان کے رجسٹر میں اپ ڈیٹ کردہ ہوں، تو انہیں مندرجہ بالا فہرست کردہ دستوری آخری تاریخوں پر یا ان سے پہلے درخواست فارم اس دفتر میں جمع کروانا چاہیئیں:

<u>نئے ووٹر کی رجسٹریشن</u>

ضلعی کونسل کا انتخابی سال (مثلاً 2023):	**2 جولائی**
غیر ضلعی کونسل کا انتخابی سال (مثلاً 2021، 2022 اور 2024):	**2 مئی**

<u>انتخاب کنندہ کے اعتبار سے تفصیلات میں تبدیلی پر رپورٹ</u>

ضلعی کونسل کا انتخابی سال (مثلاً 2023):	**2 جون**
غیر ضلعی کونسل کا انتخابی سال (مثلاً 2021 ، 2022 اور 2024):	**2 اپریل**

اگر درخواست فارم مندرجہ بالا آخری تاریخوں کے بعد جمع ہوتے ہیں، تو متعلقہ انتخاب کنندگان کے نام اور رہائشی پتے محض اگلے رجسٹریشن سائیکل میں شائع ہونے والے انتخاب کنندگان کے رجسٹر میں ریکارڈ/ اپ ڈیٹ کیے جائیں گے۔

واپس اوپر جائیں

سوال 6: کیا میں نئے ووٹر کی رجسٹریشن کی درخواست جمع کروانے کے بعد فوری طور پر ووٹ ڈالنے کا/کی اہل ہوں؟ / کیا میں رجسٹر شدہ پتے میں تبدیلی کی اطلاع دینے کے بعد فوری طور پر نئے انتخابی حلقے میں اور نئے پولنگ اسٹیشن پر ووٹ ڈالنے کا/کی اہل ہوں؟

جواب 6: موجودہ قانون سازی کے مطابق، رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس موجودہ انتخاب کنندگان کے حتمی رجسٹر میں ریکارڈ کردہ معلومات کے مطابق انتخابی حلقے اور پولنگ اسٹیشنز تفویض کرے گا، جو سال میں ایک بار اپ ڈیٹ ہوتا ہے۔ اگر جولائی 2021 میں اگلے حتمی رجسٹر کے شائع ہونے سے پہلے کسی ضلعی کونسل یا قانون ساز کونسل کا ضمنی انتخاب ہے، تو رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس جولائی 2020 کی مؤثر حتمی معلومات کے مطابق انتخابی حلقوں اور پولنگ اسٹیشنز کو تفویض کرے گا۔

لہذا، وہ افراد جو 2021 کے ووٹر کی رجسٹریشن کے سائیکل (یعنی 3 مئی 2020سے 2 مئی 2021 تک) کے اندر اندر نئے ووٹر کی رجسٹریشن کے لیے درخواست جمع کروا رہے ہیں، محض 2021 کے حتمی انتخاب کنندگان کے رجسٹر کے شائع ہونے کے بعد ہی انتخابات میں ووٹ ڈالنے کے اہل ہوں گے جو جولائی 2021 میں شائع ہو گا۔

ان انتخاب کنندگان کے لیے جو رجسٹر شدہ پتے کی تبدیلی کے لیے 2021 کے ووٹر رجسٹریشن سائیکل (یعنی 3 اپریل 2020 سے 2 اپریل 2021 تک) کے اندر اندر درخواستیں جمع کروا رہے ہیں، اگر جولائی 2021 میں انتخاب کنندگان کے حتمی رجسٹر کے شائع ہونے سے پہلے کوئی ضمنی انتخاب ہوتا ہے، تو انہیں پرانے پتے

کی بنیاد پر (یعنی وہ پتہ جو 2020 میں انتخاب کنندگان کے حتمی رجسٹر میں ریکارڈ کردہ ہے) انتخابی حلقے اور پولنگ اسٹیشن میں ووٹ ڈالنے کے لیے تفویض کر دیا جائے گا۔

واپس اوپر جائیں

سوال 7: جغرافیائی انتخابی حلقے کے ووٹر رجسٹریشن فارمز آر ای او-1 (REO-1)اور آر ای او-2 (REO-2) میں کیا فرق ہے؟ مجھے کون سا فارم استعمال کرنا چاہیئے؟

جواب 7: عوامی اراکین کو متعلقہ درخواست فارم استعمال کرنا چاہیئے جو اس بات پر منحصر ہے کہ آیا وہ ایک رجسٹر شدہ انتخاب کنندہ ہیں۔ ایسا عوامی رکن جو ابھی تک رجسٹر شدہ انتخاب کنندہ نہیں ہے لیکن کسی جغرافیائی انتخابی حلقے میں رجسٹر ہونا چاہتا ہے اسے "نئے ووٹر کی رجسٹریشن (جغرافیائی انتخابی حلقے کے لیے درخواست" (REO-1) کو استعمال کرنا چاہیئے؛ ایسا رجسٹر شدہ انتخاب کنندہ جسے اپنی رجسٹریشن کی تفصیلات میں تبدیلی کو رپورٹ کرنے کی ضرورت ہے اسے "جغرافیائی انتخابی حلقے میں انتخاب کنندہ کی جانب سے تفصیلات کی تبدیلی پر رپورٹ" (REO-2) کو استعمال کرنا چاہیئے۔

آپ آن لائن ووٹر انفارمیشن انکوائری سسٹم (www.voterinfo.gov.hk) پر لاگ ان کر سکتے ہیں یا ہاٹ لائن 2891 1001 پر کال کر کے رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس سے پڑتال کر سکتے ہیں کہ آیا آپ رجسٹر شدہ انتخاب کنندہ ہیں، یا آیا آپ کی رجسٹریشن کی تفصیلات درست ہیں یا نہیں۔

واپس اوپر جائیں

سوال 8: کئی سال پہلے میں ایک درخواست کا فارم پُر کر چکا/چکی ہوں۔ کیا مجھے دوبارہ رجسٹر ہونا پڑے گا؟

جواب 8: اگر آپ پہلے بطور انتخاب کنندہ سائن اپ کر چکے ہیں، تو آپ کو دوبارہ رجسٹر کروانے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ آن لائن ووٹر انفارمیشن انکوائری سسٹم (www.voterinfo.gov.hk) پر لاگ ان کر سکتے ہیں یا ہاٹ لائن 1001 2891 پر رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس پر کال کر سکتے ہیں۔ یہ پڑتال کرنے کے لیے کہ آیا آپ کی رجسٹریشن کی تفصیلات درست ہیں یا نہیں۔

ایسے انتخاب کنندگان جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات غلط ہیں، ان کی رجسٹریشن کی حیثیت اور ووٹ ڈالنے کی اہلیت متاثر ہو سکتی ہے۔ براہ کرم "جغرافیائی انتخابی حلقے میں انتخاب کنندہ کی جانب سے تفصیلات کی تبدیلی پر رپورٹ" (REO-2) کو مکمل کریں اور تکمیل شدہ اور دستخط شدہ فارم، بمع گزشتہ تین مہینوں کے اندر اندر جاری کردہ پتے کے ثبوت (رہائشی پتے میں تبدیلی پر قابلِ اطلاق ہے)، REO کو اپنی رجسٹریشن کی تفصیلات، خصوصاً رہائشی پتے میں کسی قسم کی تبدیلی کے لیے جمع کروائیں، تاکہ REO آپ کے ریکارڈز کو اپ ڈیٹ کر سکے۔

[واپس اوپر جائیں]

سوال 9: میں محض جولائی 2021 میں 18 سال کی عمر کا ہوں گا/گی لیکن رجسٹریشن کی آخری تاریخ 2 مئی 2021 ہے۔ کیا میں ابھی ایک انتخاب کنندہ کے طور پر رجسٹر ہو سکتا/سکتی ہوں؟

جواب 9: اگر آپ 25 جولائی 2021 کو یا اس سے پہلے 18 سال کی عمر تک پہنچ جاتے ہیں جب 2021 کے لیے حتمی رجسٹر شائع ہو گا، اور اگر آپ ہانگ کانگ کے مستقل رہائشی ہیں، تو آپ ابھی بطور انتخاب کنندہ رجسٹریشن کے لیے درخواست دینے کے اہل ہیں۔

[واپس اوپر جائیں]

سوال 10: میں کچھ عرصے میں نئے فلیٹ میں منتقل ہوں گا/گی، کیا مجھے ابھی اپنے نئے گھر کے پتے کی رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس کو اطلاع کرنی چاہیئے؟

جواب 10: آپ کو "جغرافیائی انتخابی حلقے میں انتخاب کنندہ کی جانب سے تفصیلات کی تبدیلی پر رپورٹ" (REO-2) کو مکمل کرنا چاہیئے اور دستخط شدہ اور تکمیل کردہ فارم کو، بمع گزشتہ تین مہینوں کے اندر اندر جاری کردہ پتے کے ثبوت ، اپنا گھر میں تبدیل کرنے کے بعد رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس میں جمع کروانا چاہیئے۔ اگر آپ 2021 کے ووٹر کی رجسٹریشن کے سائیکل میں دستور کے مطابق رجسٹریشن کی

تفصیلات کی تبدیلی پر رپورٹ کے لیے آخری تاریخ کو یا اس سے پہلے (یعنی 2 اپریل 2021 کو یا اس سے پہلے) رجسٹر شدہ پتے کی تبدیلی کے لیے درخواست جمع کرواتے ہیں، تو آپ کا نیا پتہ 2021 کے انتخاب کنندگان کے حتمی رجسٹر میں ظاہر ہو گا۔

واپس اوپر جائیں

سوال 11: پتے کے ثبوتوں کے طور پر کس قسم کی دستاویزات قبول کی جاتی ہیں؟

جواب 11: رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس گزشتہ تین مہینوں میں جاری کردہ مندرجہ ذیل دستاویزات کو قبول کرتا ہے (رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس کی جانب سے وصولی کی تاریخ، فارم جمع کروانے کی تاریخ کے طور پر قبول کی جائے گی)، جن پر پتے کے درست ثبوت کے طور پر تاریخ اجراء اور جاری کرنے والے ادارے کا نام ظاہر ہو۔ متعلقہ دستاویزات پر انتخاب کنندہ کا نام اور اصل رہائشی پتہ بھی ظاہر ہونا لازمی ہے (دستاویز پر چھَپا نام اور پتہ درخواست فارم میں دیے گئے نام اور پتے سے عین مشابہ ہونا چاہیئے):

1. عوامی اداروں کی جانب سے جاری کردہ بلز یا انوائسز (مثلاً پانی، بجلی یا ٹاؤن گیس خدمات کے یوٹیلٹی بلز)؛
2. حکومتی محکموں سے یا عدالتی خط و کتابت؛

3. بینکس، بیمہ کار کمپنیوں یا مینڈیٹری پروویڈنٹ فنڈ سے منظور کردہ ٹرسٹیز کی جانب سے جاری کردہ گوشوارے یا خط و کتابت؛

4. لینڈ لائن ٹیلیفون، موبائل فون، ادائیگی کردہ ٹیلیویژن یا انٹرنیٹ کی خدمات کے بلز؛

5. مقامی بعد از ثانوی تعلیمی اداروں کی جانب سے جاری کردہ قابلِ انحصار دستاویزات یا بلز جن پر انتخاب کنندہ کے رہائشی پتے کی تصدیق ہوتی ہو؛

6. درست اور "مہر زدہ" (مہر کی ڈیوٹی کے لیے) کرایہ نامہ (درخواست جمع کروانے کی تاریخ سے قبل 3 مہینے کے اندر جاری شدہ ہونے کا معیار لازمی نہیں لیکن اس کرایہ نامے کو درخواست کی تاریخ کا احاطہ کرنا چاہیئے)؛ یا

7. عوامی اداروں جیسے ہسپتال انتظامیہ، ہاؤسنگ ڈپارٹمنٹ، ہانگ کانگ ہاؤسنگ سوسائٹی، ہانگ کانگ ایگزیمینیشن اینڈ اسیسمنٹ اتھارٹی، وغیرہ کی جانب سے جاری کردہ بلز، خط و کتابت یا دیگر دستاویزات۔

واپس اوپر جائیں

سوال 12: اگر میں اپنے نام اور رہائشی پتے والی دستاویزات بطور ثبوت فراہم نہیں کر سکتا/سکتی، تو درست پتے کے ثبوت کے طور پر میں کون سی متبادل دستاویزات کو جمع کروا سکتا/سکتی ہوں؟

جواب 12: انتخاب کنندہ کے ذاتی پتے کے ثبوت کے علاوہ، رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس گزشتہ تین مہینوں میں جاری کردہ مندرجہ ذیل دستاویزات کو بھی قبول کرتا ہے (رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس کی جانب سے وصولی کی تاریخ بطور فارم جمع کروانے کی تاریخ کے قبول کی جائے گی)، جن پر تاریخ اجراء اور جاری کرنے والے ادارے کا نام بطور پتے کے درست ثبوت کے ظاہر ہوتا ہے:

- پتے کا ایسا ثبوت جس پر انتخاب کنندہ کے ساتھ رہنے والے فرد کا نام اور رہائشی پتہ ظاہر ہوتا ہو، اور انتخاب کنندہ کی جانب سے دستخط شدہ اقراری بیان جو تصدیق کرتا ہو کہ ایسا دوسرا فرد انتخاب کنندہ کے ساتھ اسی مذکورہ بالا پتے پر رہائش پذیر ہے اور کہ پتے کا منسلکہ ثبوت حقیقی دستاویز کی مکمل تصدیق شدہ نقل یا صحیح نقل ہے۔ اقرار نامے کا نمونہ رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس کی ویب سائٹ (http://www.reo.gov.hk/en/voter/ap.htm) سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

- اگر انتخاب کنندہ مندرجہ بالا دستاویزات میں سے کوئی بھی فراہم کرنے کے قابل نہیں ہے، تو رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس اوتھس اینڈ ڈیکلریشن آرڈیننس (Cap. 11) کے اختیار کے ذریعے پتے پر رہائش اختیار رکھنے کے دعوے کو ثابت کرنے کے لیے کمشنر فار اوتھس/کسی پریکٹسنگ وکیل/کسی جسٹس آف پیس (Justice of the Peace) کے سامنے بنایا گیا دستوری اقرار نامہ بھی قبول کر سکتا ہے جو انتخاب کنندہ نے فراہم کیا ہو۔ دستوری اقرار ناموں کو بنانے کی مفت خدمت ضلعی دفاتر میں دستیاب ہے۔ دستوری اقرار ناموں کا نمونہ رجسٹریشن اینڈ

الیکٹورل آفس کی ویب سائٹ (http://www.reo.gov.hk/en/voter/ap.htm)سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

واپس اوپر جائیں

سوال 13: اگر میرا نیا گھر ایک فلیٹ ہے جو ہاؤسنگ ڈیپارٹمنٹ کے تحت بنی کرائے کی عوامی رہائش گاہ میں ہے یا ہانگ کانگ ہاؤسنگ سوسائٹی کے تحت سبسڈی یافتہ رہائش گاہ ہے، تو کیا پتے کی تبدیلی کے لیے درخواست دیتے وقت مجھے پتے کے ثبوت کے مطالبے سے چھوٹ مل سکتی ہے؟

جواب 13: ایسے انتخاب کنندگان جو ہاؤسنگ ڈپارٹمنٹ کے تحت عوامی کرائے کی رہائش گاہ کے مجاز کردہ رہائشی ہوں یا ہانگ کانگ ہاؤسنگ سوسائٹی (Hong Kong Housing Society) کے تحت کرایہ داری میں سبسڈی یافتہ رجسٹر شدہ رہائشی ہوں اور رجسٹر شدہ پتے کی تبدیلی کیلئے درخواست دے رہے ہوں، مزید یہ کہ کرایہ داری ریکارڈز پر موجود پتے اُن انتخاب کنندگان کے فراہم کردہ رہائشی پتوں سے مماثلت رکھتے ہوں، تو ایسے انتخاب کنندگان کے لیے پتے کے ثبوت کے تقاضوں کو چھوڑا جا سکتا ہے۔

البتہ، ہوم اونرشپ اسکیم (Home Ownership Scheme)، گرین فارم سبسڈائزڈ ہوم اونرشپ اسکیم (Green Form Subsidized Home Ownership Scheme) کے تحت بنے رہائشی یونٹس یا ایسے عوامی رہائشی یونٹس کے مکین جو بک چکے ہوں (مثلاً کرایہ داروں کی خریداری کی اسکیم کے تحت آنے والے فلیٹس)،

اس چھوٹ کے دائرہ کار سے باہر ہوتے ہیں اور متعلقہ انتخاب کنندگان کو پتے کے درست ثبوتوں فراہم کرنے چاہیئں۔

ایسے کیسز جن میں الیکٹورل رجسٹریشن آفیسر متعلقہ شعبے/ادارے کے ساتھ ڈیٹا کی مماثلت کے دوران انتخاب کنندہ کے پتے کی معلومات کی باہمی پڑتال نہیں کر سکتا ہو، ان میں الیکٹورل رجسٹریشن آفیسر انتخاب کنندہ سے رجسٹر شدہ پتے کی تبدیلی کے لیے درخواست دیتے وقت الیکٹورل افئیرز کمیشن (Electoral Affairs Commission) کے سیکشن 10A (انتخاب کنندہ کی رجسٹریشن)(قانون ساز کونسل کے جغرافیائی انتخابی حلقوں)(ڈسٹرکٹ کونسل کے انتخابی حلقوں) کے ریگولیشن (Cap.541A) کے تحت پتے کے ثبوت کی فراہمی کے لیے درخواست کر سکتا ہے۔

واپس اوپر جائیں

سوال 14: اگر مجھے پتا چلے کہ کوئی ووٹر رجسٹریشن کے لیے غلط معلومات فراہم کرتا ہے، تو میں سرکاری محکموں کو کیسے مطلع کر سکتا/سکتی ہوں؟

جواب 14: ووٹر رجسٹریشن کا موجودہ بندوبست لوگوں کو رجسٹر کرنے کی سہولت دینے کی غرض سے ایماندارانہ طور پر معلومات جمع کروانے کے لائحہ عمل پر انحصار کرتا ہے۔ رجسٹریشن کے اہل افراد یا رجسٹر شدہ انتخاب کنندگان کو رجسٹریشن کرواتے وقت یا رجسٹریشن کی تفصیلات میں تبدیلی کو رپورٹ

کرواتے وقت درست اور سچائی پر مبنی معلومات فراہم کرنی چاہیئیں۔ اگر عوامی اراکین کے سامنے مشکوک کیسز آتے ہیں، تو وہ رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس میں شکایات درج کروا سکتے ہیں جو کہ فوری طور پر فالو اپ کے اقدامات اٹھائے گا اور مناسب طور پر تفتیش کرنے کے لیے کیسز کے متعلق قانون نافذ کرنے والے اداروں کو حوالہ دے گا۔ عوام کو قانون کی خلاف ورزی نہیں کرنی چاہیئے۔

واپس اوپر جائیں

سوال 15: اگر کوئی شخص ووٹر رجسٹریشن کے لیے رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس کو رہائش کا غلط پتہ فراہم کرتا/کرتی ہے، یا رجسٹر شدہ پتے کی تبدیلی کے لیے درخواست دیتے وقت پتے کے ثبوت کی جعلی دستاویز جمع کرا رہا/رہی ہے، اور اس کے بعد الیکشن میں ووٹ ڈال دیتا/دیتی ہے، تو وہ کس قانون کی خلاف ورزی کرے گا/گی؟

جواب 15: ایسا فرد جو جان بوجھ کر یا لاپرواہی سے رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس کو جھوٹی یا گمراہ کن معلومات (مثلاً غلط رہائشی پتہ) بتاتا/بتاتی ہے، باوجود اس کے کہ وہ شخص کسی انتخاب میں ووٹ ڈالتا/ڈالتی ہے یا نہیں، قانون کے تحت جرم کرنے کا مرتکب ہوتا/ہوتی ہے۔ اگر وہ شخص بعد میں کسی انتخاب میں ووٹ ڈالتا/ڈالتی ہے، تو وہ الیکشنز (بدعنوانی اور غیر قانونی برتاؤ) آرڈیننس (Cap. 554) کے سیکشن 16 کی خلاف ورزی کر رہا ہو گا/گی، جو کہ انڈیپینڈنٹ کمیشن اگینسٹ کرپشن (Independent Commission Against Corruption) کی جانب سے نافذ کردہ ہے۔ زیادہ سے زیادہ سزا $500,000 کا جرمانہ اور 7 سال کی قید ہے۔

اس کے علاوہ، اگر انتخاب کنندہ اس ارادے کے ساتھ پتے کا جعلی ثبوت دیتا/دیتی یا فراہم کرتا/کرتی ہے کہ الیکٹورل رجسٹریشن آفیسر اسے پتے کے درست ثبوت کے طور پر قبول کر لے، تو وہ جعل سازی کے جرم کا/کی مرتکب ہوتا/ہوتی ہے۔ کرائمز آرڈیننس (Cap. 200) کے سیکشن 71 کے مطابق، ایسا شخص جو جعل سازی کے جرم کا ارتکاب کرتا ہے فرد جرم ثابت ہونے پر 14 سالوں کی قید کا سزا یاب ہوتا ہے۔

واپس اوپر جائیں

سوال 16: میں حال ہی میں مین لینڈ سے آیا/آئی ہوں۔ کیا میں بطور ایک انتخاب کنندہ رجسٹر ہو سکتا/سکتی ہوں؟

جواب 16: ہانگ کانگ میں مستقل رہائش پذیر وہ تمام افراد جن کی عمر 18 سال یا اس سے زائد ہے اور جو بالعموم ہانگ کانگ میں رہائش اختیار رکھتے ہیں وہ بطور انتخاب کنندہ رجسٹریشن کی درخواست دے سکتے ہیں۔

واپس اوپر جائیں

سوال 17: مجھے کیسے پتا چلے گا کہ میرے ریکارڈز درست طور پر انتخاب کنندگان کے رجسٹر پر درج ہوئے ہیں؟

جواب 17: 2020 کے لیے انتخاب کنندگان کا حتمی رجسٹر 25 جولائی 2020 کو یا اس سے قبل شائع ہوتا ہے۔ رجسٹر شدہ انتخاب کنندگان آن لائن ووٹر انفارمیشن انکوائری سسٹم (www.voterinfo.gov.hk) پر نئے رجسٹریشن کی تفصیلات کی پڑتال کر سکتے ہیں یا رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس کی ہاٹ لائن 2891 1001 پر کال کر سکتے ہیں۔

واپس اوپر جائیں

سوال 18:کیا میرے ذاتی ڈیٹا کے ممکنہ غلط استعمال سے بچاؤ کے لیے کوئی حفاظتی اقدامات زیر عمل ہیں؟

جواب 18: آپ یقین رکھیں کہ انتخاب کنندہ کی جانب سے فراہم کردہ معلومات محض ووٹر رجسٹریشن اور انتخاب سے متعلقہ مقاصد کے لیے استعمال کی جائیں گی۔ رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس نے یہ یقینی بنانے کے لیے ہر طرح کے ممکنہ حفاظتی اقدامات اپنائے ہیں کہ اس ڈیٹا کا غلط استعمال نہ ہو سکے۔ وہ رجسٹرز جو عوامی معائنے کے لیے شائع کردہ ہیں ان میں رجسٹر شدہ افراد کے محض نام اور رہائشی پتے شامل ہوتے ہیں لیکن ان کے شناختی کارڈ نمبر یا رابطے کے ٹیلیفون نمبر شامل نہیں ہوتے۔ موجودہ انتخابی قانون کے تحت

رجسٹر پر موجود کوئی سی بھی معلومات کو انتخاب سے متعلقہ مقصد کے علاوہ کسی اور مقصد کے لیے استعمال کرنا جرم ہے، اور اس کی سزا کا درجہ2 کا جرمانہ اور 6 مہینوں کی قید ہے۔

واپس اوپر جائیں

سوال 19: میں نے نئی ووٹر رجسٹریشن/رجسٹریشن کی تفصیلات میں تبدیلی کے لیے درخواست جمع کروا دی ہے۔ مجھے کیسے پتا چلے گا کہ رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس نے میری درخواست پر عمل درآمد کیا ہے؟

جواب 19: نئے ووٹر کی رجسٹریشن یا رجسٹریشن کی تفصیلات میں تبدیلی کی درخواست پر کاروائی کی تکمیل کے بعد رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس بذریعہ ڈاک تحریری رجسٹریشن نوٹسز جاری کرے گا۔ تحریری رجسٹریشن نوٹسز کے علاوہ، رجسٹریشن کی تفصیلات میں تبدیلی کی رپورٹ کرنے والے انتخاب کنندگان کو SMS/ای میل کے ذریعے بھی اطلاع دی جائے گی (اگر انتخاب کنندہ نے یہ معلومات فراہم کی ہوئی ہیں) کہ ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات اپ ڈیٹ کر دی گئی ہیں۔ انتخاب کنندگان اپنے ذاتی ریکارڈ کی پڑتال کے لیے بذریعہ "www.voterinfo.gov.hk "آن لائن ووٹر انفارمیشن انکوائری سسٹم" پر بھی لاگ ان کر سکتے ہیں۔

واپس اوپر جائیں

سوال 20: اگر ووٹر رجسٹریشن کے بارے میں میرے مزید سوالات ہوں تو مدد کے لیے مجھے کس شعبے تک رسائی کرنی چاہیئے؟

جواب 20: سوالات کے لیے، آپ کا رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس کی ہاٹ لائن 2891 1001 پر خیرمقدم کیا جاتا ہے یا مزید معلومات کے لیے ہمیں reoenq@reo.gov.hk پر ای میل کریں۔

واپس اوپر جائیں